| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 36 + 19 = 55 ] [ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 32

Total No. of Questions : 36 + 19 = 55 ] [ Total No. of Printed Pages : 32

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 83-U** **ವಿಷಯ : ವಿಜ್ಞಾನ**

## Code No. : 83-U Subject : SCIENCE

**( ಭೌತಶಾಸ್ತ್ರ, ರಸಾಯನಶಾಸ್ತ್ರ ಮತ್ತು ಜೀವಶಾಸ್ತ್ರ / Physics, Chemistry & Biology )**

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version )**

ದಿನಾಂಕ : 18. 06. 2014 ] [ Date : 18. 06. 2014

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ-12-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**FOR OFFICE USE ONLY**

**PART – A**

| Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | 9. | | 17. | | 25. | | 33. | |
| 2. | | 10. | | 18. | | 26. | | 34. | |
| 3. | | 11. | | 19. | | 27. | | 35. | |
| 4. | | 12. | | 20. | | 28. | | 36. | |
| 5. | | 13. | | 21. | | 29. | | × | |
| 6. | | 14. | | 22. | | 30. | | × | |
| 7. | | 15. | | 23. | | 31. | | × | |
| 8. | | 16. | | 24. | | 32. | | × | |
| ***Total Marks of Part – A*** | | | | | | | | | |

**PART – B**

| Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 37. | | 41. | | 45. | | 49. | | 53. | |
| 38. | | 42. | | 46. | | 50. | | 54. | |
| 39. | | 43. | | 47. | | 51. | | 55. | |
| 40. | | 44. | | 48. | | 52. | | × | |
| ***Total Marks of Part – B*** | | | | | | | | | |

| **Total Marks in words** | | | **Grand Total** | |
|---|---|---|---|---|
| 1. ✓ | | | | |
| 2. ✓ | | ✓ | ✓ | |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* | |

[ Turn over 9121308

عام ہدایات :

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (objective) اورموضوعی (subjective) قسم کے 55 سوالات ہیں۔

ii) سوال مع جواب کے کتابچہ میں دو حصے ہیں: حصہ-**A** میں فیزکس اور کیمسٹری کے سوالات ہیں اور حصہ-**B** میں بائلوجی/ حیاتیات کے سوالات ہیں۔

iii) سوال مع جواب کے کتابچہ کے حصہ-**A** میں 36 سوالات ہیں اور حصہ-**B** میں 19 سوالات ہیں۔

iv) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

v) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

vi) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

vii) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوئے جواب کی جانچ نہیں کی جائے گی (سوائے گرافوں، ڈائگراموں اور میپوں کے)۔

viii) کثیر انتخابی (multiple choice) سوالوں، خالی جگہوں کو پُر کرنے اور مناسب جوڑ لگانے کے سوالوں کی حالت میں کُھرچنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے۔ ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

ix) کچّا کام/ رف کام کے لئے ہر صفحہ کے نیچے دی گئی جگہ استعمال کریں۔

x) سوالیہ پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

## PART - A
## (Physics & Chemistry)

ہر ایک سوال / نامکمل بیان کے چار جوابات دئے گئے ہیں جن میں صرف ایک صحیح یا موزوں ہوگا۔ صحیح یا موزوں جواب کا انتخاب کر کے اسے دی گئی جگہ میں اپنے حروف تہجی کے ساتھ لکھیں۔ $10 \times 1 = 10$

1. کاپر پائیرائٹس ( Copper Pyrites ) کو مرتکز کرنے کا طریقہ

(A) جھاگیلا طریقہ (Froth flotation)

(B) برق پائیدائی طریقہ (Electrolysis)

(C) پانی سے دھونا (Washing with water)

(D) کسری کشید (Fractional distillation)

جواب ________________________________

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

2. بھاپ انجن سے پٹرول انجن زیادہ فائیدہ مند ہے کیونکہ

(A) پٹرول انجن کی استعداد کم ہے

(B) پٹرول انجن کو فوری چالو نہیں کیا جاسکتا

(C) پٹرول انجن کو کئی جسامتوں میں تیار کیا جاسکتا ہے

(D) ایندھن کو زیادہ دباؤ پر جمع کیا جاسکتا ہے

جواب ____________________

3. غیر قلمی سلیکان کے حصول میں استعمال ہونے والا تخفیفی عامل

(A) میگنیشم (Magnesium)　(B) کوارٹز/ بلور (Quartz)

(C) کوک (Coke)　(D) ریت (Sand)

جواب ____________________

4. جب ڈائیوڈ کو متبادل برقی منبع (A.C. source) سے جوڑا جاتا ہے تو ڈائیوڈ

(A) ترسیلی میلان (Forward bias) میں ہوتا ہے

(B) رجعی میلان (Reverse bias) میں ہوتا ہے

(C) وقفہ کے ساتھ وہ ترسیلی ورجعی میلان میں تبدیل ہوتا رہتا ہے

(D) میلانیت نہیں رکھتا

جواب ____________________

5. $M$ کلوگرام کمیت کا روبوٹ $X$ سیارہ پر اُترتا ہے جس کی کشش ثقل کا اسراع زمین کی کشش ثقل کے اسراع کا دُگنا ہے تو روبوٹ کی کمیت اس سیارہ $X$ پر کیا ہوگی ؟

(A) $2M$ kg　(B) $\frac{M}{4}$ kg

(C) $\frac{M}{2}$ kg　(D) $M$ kg

جواب ____________________

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

6. درج ذیل میں دیے گئے تعاملات میں کوئی ایک واقع نہیں ہوسکتا

(A) $Cu + 4\,HNO_3 \rightarrow Cu(NO_3)_2 + 2\,NO_2 \uparrow + 2\,H_2O$

(B) $Fe + CuSO_4 \rightarrow FeSO_4 + Cu \downarrow$

(C) $Cu + FeSO_4 \rightarrow CuSO_4 + Fe \downarrow$

(D) $Fe + 2\,AgNO_3 \rightarrow Fe(NO_3)_2 + 2\,Ag \downarrow$

جواب ______________________

7. ایک طالب علم یہ فیصلہ کرتا ہے کہ نائلان کی رسّی کو موم بتّی کے شعلہ میں کاٹا جاسکتا ہے اس فیصلے کا سبب

(A) نائلان پلاسٹک کی بنی شئے ہے

(B) نائلان ایک پولیمر ہے

(C) نائلان ایک تھرموسیٹنگ پلاسٹک ہے

(D) نائلان ایک تھرموپلاسٹک ہے

جواب ______________________

8. کسی شہر کی کارپوریشن سڑک لائٹ کے سلسلے میں توانائی بچانے کے لیے کیا قدم اٹھاسکتی ہے ؟

(A) سوڈیم بخارات والے برقی بلبوں کا استعمال

(B) جامع فلوریسنٹ ٹیوب لائٹ ( C.F L Tubes ) والے لیمپ کا استعمال

(C) تابندہ روشنی کے برقی بلبوں (Incandescent lamps) کا استعمال

(D) عام ٹیوب لائٹ (Common tube light) کا استعمال

جواب ______________________

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

9. ایک طالب علم جو پانی میں سختی کی موجودگی کی دلیل پیش کرنا چاہتا ہے، دو الگ ٹسٹ ٹیوب میں سخت پانی اور ہلکے پانی کو لیکر ایک عام صفائی کی شئے ملاتا ہے۔ وہ یہ مشاہدہ کرتا ہے کہ دونوں نلیوں میں میل کے بغیر جھاگ بنتا ہے تو ملائے جانے والی صفائی کی شئے

(A) سوڈیم $n$– ڈوڈیکائیل بنزین سلفونیٹ (Sodium $n$-dodecyl benzene sulphonate)

(B) سوڈیم پامیٹیٹ (Sodium palmitate)

(C) سوڈیم اسٹریٹ (Sodium stearate)

(D) پوٹاشیم اسٹریٹ (Potassium stearate)

جواب ______________________________

10. ایک ایمبولنس تیز رفتاری سے گھنٹی بجاتی ہوئی جارہی ہے، وہ شخص جو ڈاپلر اثر کو محسوس نہیں کرسکتا ہے

(A) سننے والا جو ساکن ہے جبکہ ایمبولنس اسکی جانب متحرک ہے

(B) بیمار لے جانے والی گاڑی کا ڈرائیور

(C) سننے والا ساکن ہے جبکہ ایمبولنس اس سے پرے متحرک ہے

(D) سننے والا جو ایمبولنس کی جانب دوڑ لگاتا ہے

جواب ______________________________

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

خالی جگھوں کو پُر کریں : 3 × 1 = 3

.11 میکانیکی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرنے والا آلہ........................

---

---

.12 آواز کی موجیں جن کا تعدد 20,000 Hz سے زیادہ ہے........................

---

---

.13 اَسی ٹیلین (Acetelene) کا ساختی ضابطہ ........................

---

---

.14 فہرست **A** میں دئے گئے ستاروں کے ارتقاء کے مراحل کو فہرست **B** میں دئے گئے نمایاں ہونے والے مراحل کو جوڑ لگا کر دی گئی جگہ میں لکھیں : 4 × 1 = 4

| فہرست **A** | | فہرست **B** | |
|---|---|---|---|
| (a) | بنیادی ستارہ (Protostar) | (i) | لوہے کے قلب کے اطراف مختلف عناصر کی پرتیں بنتی ہیں |
| (b) | مستحکم حالت (Steady State) | (ii) | مرکز میں نیوٹران کا کرّہ موجود ہے |
| (c) | سفید صغیر (White dwarf) | (iii) | ستارے کا کویا کا مرحلہ |
| (d) | سیاہ سوراخ (Black hole) | (iv) | سرخ ہیولر (Red gigantic) ستارہ |
| | | (v) | بیرونی دباؤ اور اندرونی ثقلی قوت میں توازن پیدا ہوتی ہے |
| | | (vi) | اعلیٰ درجۂ حرارت والے صغیرات |
| | | (vii) | شدید کشش ثقل کا ہونا |

جواب : (a) ________________________

(b) ________________________

(c) ________________________

(d) ________________________

---

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

6 × 1 = 6 اِن سوالوں کے جوابات لکھئے :

15. شمسی پینل (Solar Panel) کیا ہے ؟

16. برقناطیسی اِمالہ سے متعلق فرآڈے کا پہلا کلیہ بیان کریں۔

17. مرکزہ کا پگھلاؤ (Nuclear Fusion) سے کیا مراد ہے ؟

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

18. اگر شمسی کوکر کے اندرونی حصے میں سفید رنگ لگایا جائے تو اسکی استعداد گھٹ جائیگی۔'' جواز پیش کریں۔

19. ''سرخ گرم سلیکان بھاپ کو تحلیل کر کے ہائیڈروجن آزاد کرتا ہے۔'' اس عمل کی متوازن کیمیائی مساوات لکھئے۔

20. فلکی جسم $A$ کا طیف سرخ منتقلی (Red shift) کو ظاہر کرتا ہے جبکہ فلکی جسم $B$ کا طیف نیلی منتقلی (Blue shift) کو ظاہر کرتا ہے تو کونسے فلکی جسم کی رفتار دھیرے دھیرے کم ہورہی ہے ؟

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

9 × 2 = 18

اِن سوالوں کے جوابات لکھئے:

21. لیزر روشنی (Laser light) کی چار اہم خصوصیات بتائیں۔

22. مرکزِ میلان قوت اور مرکز گریز ردِّ عمل کے مابین کوئی دو فرق بیان کریں۔

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

23. درج ذیل کوقدرتی پولیمر اور تالیفی پولیمر میں درجہ بندی کریں۔

(a) پولیسٹر (Polyester)

(b) پروٹین (Protien)

(c) نیوپرین (Neoprene)

(d) ٹیفلان (Teflon)

24. موچ (Sprains) کے علاج کے لئے گرم پانی کا استعمال، ایک عام طریقہ ہے، اس سے تعلق رکھنے والی برقناطیسی شعاع کونسی ہے ؟ وہ درد کو کس طرح دور کرتی ہے ؟

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

25. سخت پانی کے ایک نمونے میں شامل میگنیشیم بائی کاربونیٹ (Magnesium Bicarbonate) حل شدہ ہے۔اس کی سختی کو سوڈیم کاربونیٹ (Sodium Carbonate) ملا کر دور کیا جاتا ہے۔اس تعامل کی متوازن کیمیائی مساوات لکھئے۔اس طریقہ کا نام کیا ہے ؟

26. *D.C.* ڈائنمو کا خاکہ کھینچ کر اس کے حصّوں کی نشاندہی کریں۔

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

27. کسی شئے کو زمینی سطح سے زمین کے نصف قطر کے برابر بلندی پر لے جایا جاتا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس پر کام کرنے والی کشش ثقل کا اسراع زمین کی سطح پر کشش ثقل کے سبب اسراع سے چار گنا کم

$$\left[ \text{اشارہ} : g = \frac{GM_E}{R_E^2},\ g' = \frac{GM_E}{(R_E + h)^2} \right]$$

( SPACE FOR ROUGH WORK )

28. ان کے علامتی سرکٹ کھینچئے :

(a) ڈائیوڈ ( Diode )

(b) $n$–$p$–$n$ ٹرانسسٹر ( $n$–$p$–$n$ Transistor )

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

29. صابن کی تیاری میں استعمال ہونے والے آلہ کا خاکہ کھینچئے اور حصّوں کے نام لکھئے۔

( SPACE FOR ROUGH WORK )

4 × 3 = 12

اِن سوالوں کے جوابات لکھیں :

30. سائنسی وجوہات پیش کیجئے :

a) کثیر رنگی روشنی (Polychromatic light) کو جب منشور میں سے گذارا جاتا ہے روشنی کا انتشار واقع ہوتا ہے۔

b) ریلی کا انتشار مربوط انتشار ہے۔

c) شمسی جاذب طیف (Solar absorption spectrum) میں تاریک خطوط پائے جاتے ہیں۔

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

31. (a) ترغیب شدہ تابکاری کو مثال دیتے ہوئے تشریح کریں۔

(b) ''کاربن - 14، بیٹا (β) کے اخراج کے ساتھ نائٹروجن 14 میں تبدیل ہو جاتا ہے۔'' اس نیوکلیائی تعامل میں پُرکھا مرکزہ اور دختر مرکزہ کی شناخت کریں۔

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

32. نیوکلیائی مسلسل ردِّعمل سے کیا مراد ہے ؟ اِسے کس طرح قابو میں لایا جاسکتا ہے ؟

( SPACE FOR ROUGH WORK )

33. بھاپ انجن کا ضرب پھیلاؤ ( Expansion stroke ) کا خاکہ کھینچئے اور حِصّوں کی نشاندہی کریں۔

( SPACE FOR ROUGH WORK )

3 × 4 = 12

اِن سوالوں کے جوابات لکھیں:

34. a) راکٹ کے داغنے کا اصول بیان کریں۔

b) وہ تین عملی پہلو کونسے ہیں جن پر راکٹ کو داغے جانے کے دوران غور کیا جاتا ہے؟

( SPACE FOR ROUGH WORK )

35. درج ذیل کے ساختی ضابطہ لکھئے :

a) i) سب سے سادہ ارومیٹک ہائیڈروکاربن ( Simplest aromatic hydrocarbon )

ii) الکین (Alkene) کا پہلا رکن(Member)

b) ''حراروی تڑخنا'' سے کیا مراد ہے ؟ ایک مثال دیں۔

( SPACE FOR ROUGH WORK )

36. لوہے کے حصول میں استعمال ہونے والی جھکڑ بھٹی (Blast furnace) کا خاکہ کھینچئے اور اِن کے ناموں کی نشاندہی کریں۔

a) پگھلا ہوا لوہا (Molten iron) b) دھاتی میل (Slag)

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

# PART - B
## ( Biology )

ذیل کے ہرسوال / نامکمل بیان کے لئے چارمتبادل جوابات دئے گئے ہیں۔ جن میں صرف ایک صحیح یا موزوں ہوگا۔ اِن میں سے صحیح یا مناسب جواب کوچُنیں اور اِسے ہرسوال کے نیچے جواب کے لئے مہیا کی گئی جگہ میں لکھیں۔ 5 × 1 = 5

37. شخصیاتی ہارمون کوعام طور سے کیا کہا جاتا ہے ؟

(A) ایڈرنالین (Adrenaline)

(B) پیراتھورمون (Parathormone)

(C) اِنسولین (Insulin)

(D) تھائیراکسین (Thyroxin)

جواب ______

38. درجہ ذیل کے کونسے جانور کا دِل دایاں اور بایاں بطن القلب (Ventricles) نہیں رکھتا۔

(A) چوہا (Rat)

(B) مگرمچھ (Crocodile)

(C) مینڈک (Frog)

(D) وہیل (Whale)

جواب ______

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

39. درجہ ذیل کے کونسے جانوروں کی جِلد بالوں سے ڈھکی ہوتی ہے

(A) جل تھلیے (Amphibians)

(B) پستانیے (Mammals)

(C) رینگنے والے جانور (Reptiles)

(D) پرندے (Birds)

جواب ______________________________

40. ایک پرندہ 27°C درجہ حرارت والے علاقے سے 20°C درجہ حرارت والے علاقے کی طرف نقلِ مکاں کرتا ہے۔ تو اُس پرندے کے جسمانی درجہ حرارت میں فرق کیا ہوگا ؟

(A) 0°C (B) 20°C

(C) 27°C (D) 7°C

جواب ______________________________

41. نائٹروجن چکر مرحلے میں درج ذیل کونسی ایک ترتیب صحیح یا موزوں ہے ؟

(A) تعین ← امونیانا ← نائیٹریانا ← ان نائٹرانا

(B) تعین ← نائیٹریانا ← ان نائیٹریانا ← امونیانا

(C) امونیانا ← تعین ← ان نائیٹریانا ← نائٹریانا

(D) ان نائٹریانا ← امونیانا ← تعین ← نائیٹریانا

جواب ______________________________

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

42. فہرست 'A' میں بندھی نسیں (Connective tissue) کے نام اور فہرست 'B' میں اُن سے متعلق اقسام اور افعال دیئے گئے ہیں۔ صحیح جوڑی بنا کر جواب کے لئے مہیا کی گئی جگہ میں لکھیں۔ 4 × 1 = 4

| فہرست A | | فہرست B | |
|---|---|---|---|
| (a) | ہالہ نسیج (Areolar tissue) | i | پیوستہ بندھنی نسیج، چربی کا ذخیرہ |
| (b) | شحمی نسیج (Adipose tissue) | ii | غیر پیوستہ بندھنی نسیج، نسیج اور ہڈی کو جوڑتی ہے |
| (c) | رباطہ (Tendons) | iii | پیوستہ بندھنی نسیج، جسم کے تحفظ میں مدد دیتی ہے |
| (d) | پٹھے (Ligaments) | iv | پیوستہ بندھنی نسیج، ایک ہڈی سے دوسری ہڈی کو جوڑتے ہیں |
| | | v | غیر پیوستہ بندھنی نسیج، ایک ہڈی سے دوسری ہڈی کو جوڑتے ہیں |
| | | vi | غیر پیوستہ بندھنی نسیج، جسم کے تحفظ میں مدد دیتی ہے |
| | | vii | غیر پیوستہ بندھنی نسیج، چربی کا ذخیرہ کرتی ہے |

جواب (a) ______________________

(b) ______________________

(c) ______________________

(d) ______________________

مندرجہ ذیل سولات کا جواب ایک جملے میں لکھیں: 4 × 1 = 4

43. قوتِ مدافعت (Immunity) کسے کہتے ہیں ؟

______________________

______________________

______________________

______________________

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

44. سوجی ( Soji ) میں ریت کے ذرّات کی موجودگی کا کس طرح پتہ چلائیں گے؟

45. ناک کی خشکی سے متاثر شخص غذا کے ذائقہ سے لطف اندوز نہیں ہوسکتا۔ سائنسی وجہ بتائیے۔

46. ''ایک پھول کے پنکھڑیوں کی خوبصورتی کی قدر کیجئے مگر اُنہیں مت توڑیئے۔'' اس بیان کی سائنسی وجہ بتائیے۔

( SPACE FOR ROUGH WORK )

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیں:	6 × 2 = 12

47. ڈراپسی (Dropsy) بیماری کی کوئی دو علامتیں لکھئے۔

48. HIV کی ساخت کی تشریح کرو۔

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

49. گیسی چکر (Gaseous cycle) اوررسوبی چکر(Sedimentary cycle) میں فرق لکھئے۔

50. نسیج پروری (Tissue culture) کےکوئی چار استعمالات۔

( SPACE FOR ROUGH WORK )

51. مساوی جسامت والی دو پیاز لی گئی ایک پیاز کا نچلا آدھا حصّہ کو کاٹ کر پھینکا گیا باقی حصّہ اور دوسری پیاز کو زمین میں بویا گیا۔ ان دونوں میں کونسی پیاز پہلے اُگے گی ؟ اور کیوں ؟

52. ایک تالاب میں کثرت سے نائٹروجنی مرکبات کا بہاؤ میل آب کے ذریعہ ہوتا ہے۔ تالاب میں پائے جانے والے آبی جانداروں پر اسکا کیا اثر پڑتا ہے؟

( SPACE FOR ROUGH WORK )

2 × 3 = 6 مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیں :

53. انسانی آنکھ کے افعال بیان کیجیے۔

( SPACE FOR ROUGH WORK )

54. ایک مثالی پھول کا نقشہ کھینچیں اور کوئی دو حصّوں کے نام لکھیں۔

( SPACE FOR ROUGH WORK )

55. انسانی کان کی بناوٹ کا صاف خاکہ اُتار کر مندرجہ ذیل حصّوں کے نام لکھیں۔ 4

( a ) کان کا طبل ( Ear drum )

( b ) اسٹاچھن نلی ( Eustachian tube )

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**

**( SPACE FOR ROUGH WORK )**